## سابق نگراں وزیراعظم غلام مصطفیٰ جتوئی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت
## غلام مصطفیٰ جتوئی ایک سینئر سیاستداں اور مشفق بزرگ تھے
## غلام مصطفیٰ جتوئی کے انتقال سے ملک وقوم ایک مشفق سیاستداں سے محروم ہوگئی ہے

لندن۔۔۔20،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق نگراں وزیراعظم اور نیشنل پیپلز پارٹی کے سربراہ غلام مصطفیٰ جتوئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ غلام مصطفیٰ جتوئی ایک سینئر سیاستداں اور مشفق بزرگ تھے۔مرحوم ایک معتدل سیاستداں تھے اور انہوں نے ملک وقوم کے مفاد کو عزیز رکھتے ہوئے ہمیشہ قومی یکجہتی کی بات کی۔انہوں نے کہا کہ غلام مصطفیٰ جتوئی جیسے سیاستداں بہت کم پیدا ہوتے ہیں اور ان کے انتقال سے نہ صرف ملک وقوم ایک مشفق سیاستداں سے محروم ہوگئی ہے بلکہ ان کے انتقال سے پیدا ہونے والا خلاء صدیوں تک پر نہیں ہوسکے گا۔جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں اور میرے تمام ساتھی غلام مصطفیٰ جتوئی کی ناگہانی موت پر انتہائی افسردہ ہیں اور مرحوم کے سوگوار لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ غلام مصطفیٰ جتوئی مرحوم کی مغفرت فرمائے،انہیں اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو مین آف دی ائیر 2008ء کا ایوارڈ ملنے پر الطاف حسین کی مبارکباد
## سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی دن رات کاوشوں کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا جارہا ہے جو ہر پاکستانی کیلئے فخر کا باعث ہے
## ایم کیوایم کے پرعزم، باصلاحیت، محنتی اور ایماندار کارکنان کو موقع دیا جائے تو وہ ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتے ہیں

لندن۔۔۔20 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو ان کی اعلیٰ خدمات کے اعتراف کے طور پر ساؤتھ ایشیا پبلیکیشنز کی جانب سے مین آف دی ائیر 2008ء کا ایوارڈ، گولڈ میڈل اور سرٹیفکٹ آف ایکسیلنس کی اسناد ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی میں ترقیاتی کاموں اور شہریوں کی خدمت کیلئے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی دن رات کاوشوں کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا جارہا ہے جو ہر پاکستانی کیلئے فخر کا باعث ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی کراچی اور اس کے شہریوں کیلئے اعلیٰ خدمات اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر ایم کیوایم کے پرعزم، باصلاحیت، محنتی اور ایماندار کارکنان کو موقع دیا جائے تو وہ پاکستان کی قسمت بدل سکتے ہیں اور ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی کارکردگی کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں تسلیم کئے جانے پر سٹی ناظم کراچی، ایم کیوایم کے تمام کارکنان، کراچی کے شہریوں اور ملک بھر کے مظلوم عوام کو بھی دلی مبارکباد پیش کی۔

## برطانیہ کے شہر رگبی کے سابق میئر جیمز شیرا کو الطاف حسین کی مبارکباد
## جیمز شیرا نے لارڈ میئر کی حیثیت سے رگبی کی جو بے مثال خدمت کی ہے اسے رگبی کے عوام اور منتخب نمائندے آج بھی قدر اور احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔20 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے برطانیہ کے شہر رگبی کے سابق میئر جیمز شیرا کی خدمات کے اعتراف میں رگبی کی کونسل کی جانب سے شہر کی سب سے بڑی شاہراہ کو جیمز شیرا کے نام سے منسوب کئے جانے پر انہیں دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جیمز شیرا نے رگبی کے لارڈ میئر کی حیثیت سے شہر کی جو بے مثال خدمت کی ہے اسے شہر کے عوام اور رگبی کے منتخب نمائندے آج بھی قدر اور احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں اور رگبی کی شاہراہ کو ان سے منسوب کرکے رگبی کونسل نے جیمز شیرا کی خدمات کا اعتراف کیا ہے جس پر وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

## لاہور پولیس کا شہریوں پر بہیمانہ تشدد کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## لاہور میں کھلے عام شہریوں پر پولیس کا وحشیانہ تشدد پوری قوم کیلئے شرمناک ہے
## انسانیت کی کھلی تذلیل کرنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، ٹی وی فوٹیج پر شدید ردعمل

کراچی۔۔۔20/نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور پولیس کی جانب سے شہریوں پر سرعام بہیمانہ تشدد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو ملکی آئین و قانون کے منافی قرار دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایک نجی ٹی وی چینل کی فوٹیج پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے جس میں پولیس کے اہلکار شہریوں کو سرعام سڑک پر لٹا کر وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا رہے ہیں، اس عمل کو ملکی آئین و قانون اور انسانیت کے بنیادی اصولوں کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لاہور میں قانون کے محافظوں کی جانب سے شہریوں پر سرعام بہیمانہ تشدد کرنے والوں کی نظر میں قانون کی کوئی حیثیت نہیں ہے وہ آئین و قانون سے بالاتر ہو کر انسانیت کی سرعام تذلیل کرنے میں بھی شرم محسوس نہیں کرتے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر پنجاب سلمان تاثر اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ لاہور میں شہریوں پر سرعام بہیمانہ تشدد کے واقعہ میں ملوث پولیس افسران و اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی کی جائے اور شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## تسلسل کے ساتھ پنجاب کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کی گرفتاریاں اہلیان پنجاب کے لیئے لمحہ فکریہ ہیں، ایم کیو ایم پنجاب
## بعض مذہبی اور سیاسی رہنماء دہشت گرد طالبان کو اپنا ہیرو قرار دے کر عوام دشمنی کا ثبوت دے رہے ہیں
## پنجاب کے مختلف علاقوں سے 13 دہشت گردوں کی گرفتاری پر تبصرہ

لاہور۔۔۔۔۔۔20، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے رہنماؤں نے پنجاب کے مختلف مقامات سے گزشتہ روز کالعدم تنظیم کے مزید 13 دہشت گردوں کی گرفتاری اور ان کے قبضہ سے اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک تسلسل کے ساتھ پنجاب کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کی مسلسل گرفتاری کے واقعات پنجاب میں طالبانائزیشن کی سازش سے انکار کرنے والے عناصر کے لیئے نہ جھٹلانے والی حقیقت ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے ملک بھر کے عوام کو طالبانائزیشن کے خطرے سے آگاہ کرتے رہے ہیں لیکن بعض سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، دانشوروں، تجزیہ نگاروں اور اینکر پرسن کی جانب سے ان کے خدشات کو محض واویلا قرار دیکر قوم کو گمراہ کیا جاتا رہا۔ قومی اسمبلی میں نظام عدل ریگولیشن کی مخالفت پر ایم کیو ایم کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا لیکن دنیا نے دیکھ لیا کہ درندہ صفت طالبان دہشت گردوں نے اس معاہدے کے باوجود خودکش حملے کئے، مساجد، امام بارگاہوں، بزرگان دین کے مزارات، لڑکیوں کے اسکولوں پر بم دھماکے کئے اور ہزاروں بے گناہ شہریوں کو خاک و خون میں نہلایا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کی مسلسل گرفتاریوں کے واقعات اس بات کا ثبوت ہے کہ طالبان دہشت گرد پنجاب میں موجود ہیں اور ان کی گرفتاریوں کے واقعات پنجاب میں طالبانائزیشن کی سازش سے انکار کرنے والے عناصر کے لیئے ایک کھلی حقیقت ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دین اسلام کے نام پر اپنے ہم وطن اور ہم مذہب بھائیوں کو خودکش حملوں میں قتل کرنے والے درندہ صفت دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے گورنر پنجاب سلیمان تاثیر، وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف مطالبہ کیا کہ صوبہ پنجاب اور اس کے دارالخلافہ لاہور میں طالبان دہشت گردوں کی موجودگی کا فوری نوٹس لیا جائے اور درندہ صفت دہشت گردوں کے خلاف مزید ٹھوس کارروائی کی جائے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن و سابق رکن قومی اسمبلی انیس ایڈوکیٹ کی والدہ محترمہ عائشہ خاتون کی فاتحہ چہلم
## رابطہ کمیٹی کے رکن، صوبائی وزراء، حق پرست ارکان اسمبلی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان ناظمین، نائب ناظمین و دیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔20/نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن، سابق رکن قومی اسمبلی اور میر پور خاص کے سابق زونل انچارج انیس ایڈوکیٹ کی والدہ محترمہ عائشہ خاتون کا چہلم آج بعد جمعہ نماز عصر انکی رہائش گاہ واقع مہاجر کالونی میر پور خاص میں منعقد ہوا۔ فاتحہ چہلم میں مرحومہ کو ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی گئی۔ اجتماع میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن

وصوبائی وزیرڈاکٹرصغیراحمد،صوبائی وزیرنثارپنہور،اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین،حق پرست ارکان اسمبلی ، میر پورخاص زونل کمیٹی کے اراکین وکارکنان،حیدرآبادزونل کمیٹی کے اراکین ،عمرکوٹ زونل کمیٹی کے اراکین ایم کیوایم میر پورخاص کے مختلف سیکٹرز ویونٹوں کے کارکنان ،ضلعی نائب ناظم ظفرکمالی ،تعلقہ ناظم غلام دستگیر،یوسی ناظمین و نائب ناظمین،کونسلرز،میر پورخاص شہر کے سیاسی وسماجی شخصیات مرحومہ کےعزیزواقارت نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

☆☆☆☆☆